# 21899 ـ فکری ملکیت کے حقوق

**سوال**

مسلمان فقہاء کرام کا فکری ملکیت کے بارہ میں کیا نظریہ ہے؟ مثلا تجارتی نام، اور ٹریڈ مارک، اور نشرو اشاعت اور تالیف و ایجاد کے حقوق ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

تجارتي نام، تجارتي پتہ، ٹریڈ مارک، تالیف اورایجاد یا ابتکار یہ سب ایسےحقوق ہیں جوانہیں اختیار کرنےوالوں کےلیےخاص ہےاور دور حاضر میں اسے مالي قیمت حاصل ہے اور لوگوں میں اس کي مالیت بنانا معروف ہے، اور انہیں شرعا بھي حقوق شمار کیا جائےگا، لھذا اس پر زیادتي کرنا جائز نہیں.

دوم:

مالی عوض میں تجارتی نام، یا تجارتی پتہ، یا ٹریڈ مارک، میں تصرف اورتبدیلی یا اس میں سے کچھ نقل کرنا جائز ہے لیکن شرط یہ ہے کہ جب اس میں دھوکہ و فراڈ اور ہیرا پھیری کا نہ ہو اس لیے کہ یہ ایك مالی حق بن چکا ہے.

سوم:

تالیف اور ایجاد اور ابتکار کے حقوق شرعی طور پر محفوظ اور ان کا خیال رکھا گیا ہے، ان کا حق رکھنے والوں کو اس میں تصرف کا حق حاصل ہے اور اس میں کسی دوسرے کےلیے زیادتی کرنے کا حق نہیں.